رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — فون: ۲۴۵

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ — عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا

روزنامہ الفضل ربوہ

خطبہ نمبر ۲۸

قائمقام ایڈیٹر: یوسف سہیل شوق

جلد ۳۶ — بدھ ۱۹ ذی قعدہ ۱۴۰۲ ہجری، ۸ تبوک ۱۳۶۱ ہش، ۸ ستمبر ۱۹۸۲ء — نمبر ۲۰۲

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ ہیگ (ہالینڈ) پہنچ گئے الحمدللہ

زیورک میں "انسانیت کے مستقبل" کے موضوع پر خطاب فرمایا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سوئٹزرلینڈ اور لکسمبرگ کا دورہ مکمل کرنے کے بعد ہیگ (ہالینڈ) پہنچ گئے ہیں۔ حضور کی طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے اور حضور نے تمام احباب کے نام محبت بھرا سلام اپنی دعاؤں کے ساتھ بھجوایا ہے۔

حضور کی مصروفیات کے بارے میں حضور کے پرائیویٹ سیکرٹری محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب کی رپورٹ جو یہاں امیر صاحب مقامی محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کو موصول ہوئی ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ ۲۷ اگست ۱۹۸۲ء بروز جمعہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مسجد

باقی صفحہ ۸ پر

خطبہ جمعہ

دنیا بھر کے احمدیوں کی یونیفارم لباس التقویٰ ہے

اللہ تعالیٰ ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ ہم لباس دیکھ کر کسی کے بارے میں فیصلہ نہ کریں

جو لوگ سپین نہیں جا سکتے وہ تقویٰ کا لباس پہن کر ان لوگوں میں شامل ہو جائیں جو وہاں گئے ہیں

خطبہ جمعہ فرمودہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

بمقام مسجد احمدیہ مارٹن روڈ کراچی مورخہ ۳۰ وفا ۱۳۶۱ ہش، ۳۰ جولائی ۱۹۸۲ء

مرتبہ: مکرم بشیر احمد اختر صاحب صیغہ زود نویسی۔ ربوہ

تشہد و تعوذ اور سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور نے فرمایا:۔

"بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ نظارہ تو ایک ہی ہوتا ہے لیکن نتائج مختلف اخذ کر لیے جاتے ہیں۔ اور بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ وہ اخذ کردہ مختلف نتائج ایک دوسرے سے بالکل متضاد ہوتے ہیں اور اتنے متضاد گویا ایک کو دوسرے سے کوئی نسبت نہیں۔

اسی قسم کا واقعہ قرآن کریم کے متعلق ظہور میں آیا جب قرآن کریم کی فصاحت و بلاغت، اس کی شعریت، اس کے نغماتی اثرات اور اس کے توازن سے متاثر ہو کر مختلف نتائج اخذ کئے گئے۔ ظاہر پرست، ظاہر بین آنکھ نے، جو تجزیہ نہیں کر سکتی، جو حکمت سے غور نہیں کرتی، ایک یہ نتیجہ اخذ کیا کہ یہ تو شعر ہے۔ یہ نتیجہ اخذ کیا بَلْ هُوَ شَاعِرٌ (الانبیاء آیت: ۶) یعنی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم شاعر ہیں۔ بہت گہرا اثر ہے ان کے کلام میں، بڑے نغماتی اثرات ہیں۔

فصاحت و بلاغت کا ایک دریا

بہہ رہا ہے یہ تو ہم مانتے ہیں۔ لیکن نبی ماننا یا یہ کہنا کہ خدا کا کلام ہے، یہ ہم تسلیم نہیں کر سکتے۔ شعروں سے مشابہت ہے کلام کو اور شاعروں سے مشابہت ہے نعوذ باللہ محمد مصطفےٰ کو، جن کی بصیرت کچھ آگے بڑھی ایک انچ یا دو انچ، انہوں نے اس سے زیادہ یہ کہا کہ شاعر بھی ہیں لیکن اس کمال کے کہ سحر کی حد تک ان کے شعر میں اثر پیدا ہو چکا ہے۔ سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ (القمر آیت: ۳) حیرت انگیز سحری اثرات ہیں اس کلام میں اور ساحر ہے۔ جادوگر ہے۔ اس سے زیادہ ہم نہیں مان سکتے۔

کیوں دھوکہ کھایا ان کی آنکھ نے۔ اور اس آنکھ نے جو ابوبکر اور عمر اور عثمان اور علی رضوان اللہ علیہم کی آنکھ تھی۔ کیوں مختلف نتیجہ اخذ کیا؟ اس لیے کہ وہ ظاہر پرستوں کی آنکھیں نہیں تھیں، وہ غور کرنیوالوں کی آنکھیں تھیں، فکر کرنیوالوں کی آنکھیں تھیں وہ ظاہری منظر کو دیکھ کر اس کے پس منظر میں ڈوبنے والی آنکھیں تھیں اور غور کے بعد نتیجہ اخذ کرنیوالی آنکھیں تھیں۔ وہ اس راز کو پا گئیں کہ اگرچہ شعری لحاظ سے بظاہر دونوں میں کوئی فرق نظر نہیں آتا سوائے ادنیٰ اور اعلیٰ کے۔ بظاہر یوں معلوم ہوتا ہے کہ کلام ہے تو شعر لیکن اتنے اعلیٰ معیار کا شعر ہے جو سحر کی حد میں داخل ہو گیا ہے، جادوگری تک پہنچ گیا ہے۔

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴ ۔ پبلشر: مسعود احمد ۔ پرنٹر: سید عبدالحی ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ ۔ قیمت: ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Digitized by Khilafat Library Rabwah

لیکن یہ درست نہیں اس لیے کہ سحر اور شعر کا رخ مختلف ہوتا ہے اور نبوت کا رخ مختلف ہوتا ہے۔ نبوت کے تصورات اور افکار کی رو بالکل مخالف سمت میں بہہ رہی ہوتی ہے اور شعر اور جادوگری کی رو بالکل مخالف سمت میں بہہ رہی ہوتی ہے۔ ان کا آپس میں کوئی جوڑ ہی نہیں، کوئی تعلق ہی نہیں۔ دنیا کے شعر اور ادب کا جتنا بھی مجموعہ ہے اس میں ہمیشہ آپ رُخ مادیت کی طرف دیکھیں گے۔ دنیاوی لذات کی طرف اس کا رُخ پائیں گے۔ اعلیٰ حوالے سے بھی بات ہوگی تو بالآخر تان وہیں جاکر ٹوٹے گی کہ انسانی لذتوں کا ماحصل کیا ہے اور ظاہری تسکین کیسے ہوتی ہے؟ لیکن نبوت کے کلام میں ایک بالکل مختلف رَو پائی جاتی ہے۔ وہ ادنیٰ، روزمرہ کی باتیں بھی شروع کرتی ہے تو تان آخر تقویٰ پر اور اللہ کے ذکر پر ٹوٹتی ہے۔ وہاں اللہ کے حوالے سے بھی بعض دفعہ بات کی جائے تو تان دنیا پر جاکر ٹوٹتی ہے۔ شراب اور کباب پر جاکر بات ختم ہوتی ہے۔ یہاں ادنیٰ ادنیٰ روزمرہ کی باتیں کی جائیں تو تان جاکر تقویٰ پر ٹوٹتی ہے، تقویٰ پر جاکر ٹوٹتی نہیں بلکہ تقویٰ کی تان میں تبدیل ہوجاتی ہے۔ جو پھر کبھی نہیں ٹوٹتی۔ وہ ایسی تان ہے جس کو ابدیت حاصل ہے۔

اس فرق کی مثال میں آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔ ایک شاعر کہتا ہے ؎

ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو ٭ بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر

یعنی اللہ کا ذکر بھی ہو تو ہمارا ذہن جو بادہ مست ہے آخر بادہ اور شراب کی طرف پہنچ جاتا ہے اور اس کے حوالے کے بغیر ہم بات ہی نہیں کرسکتے۔ ذکرِ الٰہی بھی ہو تو شراب پر جاکر تان ٹوٹ رہی ہے اور اس کے برعکس

قرآن کریم کا اسلوب

یہ ہے کہ ادنیٰ، روزمرہ کی باتیں پکڑتا ہے اور اللہ تعالیٰ پر مضمون کو ختم کرتا ہے۔

اب لباس ہی کو لیجئے۔ دنیا میں یہ جو لباس کا ذکر ہے یہ شعر و ادب میں بھی ملتا ہے اور مذاہب میں بھی ملتا ہے۔ اور قرآن کریم نے لباس کا جو مضمون باندھا ہے وہ نہ صرف یہ کہ دنیا کے شاعروں کے کلام میں نہیں ملتا بلکہ دنیا کے کسی مذہب میں یہ نظر نہیں آتا۔ میں علم کی بنا پر یہ بات کر رہا ہوں گو میرا علم حاوی نہیں، محدود ہے۔ لیکن جتنی بھی انسانی علم کو دسترس ہوسکتی ہے میں نے موازنۂ مذاہب کے دوران غور کیا کہ اس مضمون کی آیت، بلکہ بیشمار اور آیات ہیں جن کے مضمون کو کسی الٰہی کتاب نے چھوا تک نہیں۔ بائبل میں لباس کا ذکر ملتا ہے۔ انبیاء کے اس طرح کے فاخرانہ لباس تھے۔ یہ ہوا، وہ ہوا۔ فلاں بادشاہ نے یہ پہنا ہوا تھا۔ سلک و مروارید کی باتیں ہیں، اطلس و کمخواب کے قصے ہیں۔ مگر قرآن کریم لباس کے مضمون کو پکڑتا ہے اور ایک دم اچھال کر اس کو خدا تک پہنچا دیتا ہے۔ بیچ میں کوئی درمیانی دَور ہی نہیں آتا۔ لِبَاسُ التَّقْوٰی ذٰلِكَ خَيْرٌ (الاعراف آیت: ۲۷) حیرت انگیز کلام ہے۔ کہیں بات کرتا ہے لباس کی عبرت کے رنگ میں تو کہتا ہے لِبَاسَ الْجُوْعِ (النحل آیت: ۱۱۳) بھوک کا لباس۔ یعنی ظاہری لباس نظر سے غائب ہوجاتے ہیں اور مضامین ان کی جگہ لے لیتے ہیں۔ لباس کی ادنیٰ حالت کا بھی ذکر کرتا ہے جو لِبَاسُ الْجُوْعِ پر جاکر منتج ہوتی ہے اور اس کی اعلیٰ حالت کا بھی ذکر کرتا ہے جو لِبَاسُ التَّقْوٰی پر جاکے منتج ہوتی ہے۔

اس مضمون پر میں نے کچھ مختصر بات عید کے خطبے میں کی تھی، لیکن یہ بہت وسیع مضمون ہے۔ لِبَاسُ التَّقْوٰی کے معنی کیا ہیں؟ اس آیت کا جو اصل روحانی مقصد ہے وہ ایک بہت وسیع مضمون ہے لیکن میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارے ظاہری لباس سے بھی لِبَاسُ التَّقْوٰی کا ایک تعلق ہے اور وہ تعلق فوراً تو انسان کو سمجھ نہیں آتا۔ اگر انسان غور و فکر کرتا رہے اور اس کی زندگی پر پھیلے ہوئے واقعات جو ہیں ان کو مجتمع کرے اور غور کرے اور ان کی یادوں میں ڈوبے تو اس کے سامنے یہ مضمون ابھر جائے گا کہ انسان روزمرہ کے عام لباس میں بھی تقویٰ کے بارے میں آزمایا جاتا ہے اور مختلف حالتوں میں تقویٰ کا مضمون بھی بدلتا رہتا ہے۔ کبھی یہ دین کی طرف لے جاتا ہے، کبھی اہم کاموں کی طرف لیجاتا ہے، کبھی اعلیٰ مقاصد کی طرف لے جاتا ہے اور بعض دفعہ یہ سب قوموں میں مشترک ہوجاتا ہے اور جب بحیثیت انسان تقویٰ کی بات کرتے ہیں تو اور معنے بن جاتے ہیں۔ کبھی یہ الٰہی رنگ پکڑتا ہے تو تقویٰ کا مضمون اور ہی شان میں داخل ہوجاتا ہے، لیکن صرف ظاہری لباس کے حوالے سے بھی بات کی جائے تو بڑا پیارا مضمون بنتا ہے بڑا گہرا اور تفصیلی ہے۔ اس کا دائرہ ساری زندگی پر محیط ہے۔

اس ضمن میں میں

اپنے بچپن کے تجارب

کے حوالے سے بات کروں گا۔ ایک ایک چھوٹا چھوٹا واقعہ چنا ہے آپ کو بتانے کے لیے کہ اگر آپ بیدار فکر کیساتھ غور کریں تو ہر چیز میں کچھ نہ کچھ نصیحت آپ کو ملتی چلی جائے گی۔ باتیں بالکل ادنیٰ سی چھوٹی چھوٹی ہیں لیکن ان کے اندر گہرے سبق ہیں اور سب میں تقویٰ کا سبق مل رہا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ..... کا گھر میں رواج اور دستور یہ تھا کہ بہت سادہ زندگی تھی۔ بیوی، بچوں کو بہت تھوڑا دیتے تھے اور زیادہ توجہ چندوں کی طرف دلاتے تھے۔ اتنی سادہ زندگی تھی کہ کپڑے بعض دفعہ سی سی کے بھی اس قابل نہیں ہوتے تھے کہ پہن کر انسان سکول جائے چنانچہ مجھے یاد ہے کہ ایک دفعہ شلوار تھی، قمیص نہیں تھی اور سکول جانا تھا۔ میرے بہن، بھائی اب تک یاد کرکے بہت ہنستے ہیں اس لطیفے پر کہ میں نے اس خیال سے کہ سکول miss نہ ہو اچکن خالی بدن پر پہن لی یعنی شلوار اور اچکن۔ اب میری آزمائش مقدر تھی۔ جب وہاں گیا تو پی۔ ٹی کی گھنٹی آئی۔ استاد نے جب مجھے اچکن میں دوڑتے دیکھا تو بڑا حیران ہوا۔ اس نے کہا پاگل ہوگیا ہے۔ اس کو بلا کے باہر نکالو۔ اس نے مجھے کہا کہ اچکن اتارو اور پی ٹی کرو۔ اچکن کونسا لباس ہے پی ٹی کا؟ میں نے کہا نہیں۔ آپ کی بات سر آنکھوں پر لیکن اچکن اتار کے میں نے پی ٹی نہیں کرنی۔ تھوڑی سی چھینا جھپٹی ہوئی۔ انہوں نے میرے گریبان پہ ہاتھ ڈالا۔ میں نے ان کی خوشامد کی کہ اس بات کو چھوڑ دیں۔ لیکن دو بٹن کھولے تو انہیں بات سمجھ آگئی۔ انہوں نے کہا ٹھیک ہے تم بیٹھے رہو۔

تو مجھے خیال آیا کہ اعلیٰ مقاصد کے رستے میں لباس حائل نہیں ہونا چاہیئے۔ جو لباس اعلیٰ مقاصد کے رستے میں حائل ہوجاتا ہے وہ تقویٰ کے خلاف ہے۔ اس ضمن میں مجھے صرف اس لحاظ سے لطف آیا کہ ایک موقع پر خدا نے مجھے کامیاب کردیا۔ پھر خیال آیا کہ ناکامیوں کے بھی تو بہت سے مواقع ہیں۔ ان کی طرف دھیان گیا تو کالج کے زمانے کی بہت سی باتیں یاد آئیں۔

حضرت مصلح موعود کا ذکر میں ساتھ ساتھ کر رہا ہوں محبت کے انداز میں تاکہ حضور کے لیے دعاؤں کی طرف توجہ پیدا ہو۔ بظاہر مضمون سے انحراف

ہے لیکن پھر میں واپس اس کی طرف آجاؤں گا۔

حضرت صاحب سادگی کا معیار تو رکھتے تھے لیکن مہمان نوازی کے بہت اعلیٰ معیار کے قائل تھے۔ ہماری والدہ بھی مہمان نواز تھیں، لیکن ایک فطری رنگ میں۔ حضرت (اقدس ..... ناقل) کی براہ راست تربیت تو ان کو حاصل نہیں تھی نا۔ لیکن حضرت مصلح موعود کو اصولوں کی ایسی گہری تربیت حاصل تھی کہ آپ کی

مہمان نوازی کا معیار

بہت بلند تھا۔ چنانچہ بارہا میری موجودگی میں ایسے واقعات ہوئے کہ آپ نے میری والدہ کو سبق دیئے کہ مہمان نوازی کا یہ بھی تقاضا ہوتا ہے، یہ بھی تقاضا ہوتا ہے۔ چنانچہ وہ کوشش کرتی تھیں کہ اس رنگ میں رنگین ہو جائیں۔ عورتوں کو یاد ہیں ہیں۔ بہت لوگوں کو یاد ہیں ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ میری والدہ ہی مہمان نواز تھیں یہ پتہ نہیں تھا کہ پیچھے ہاتھ کونسا کام کر رہا تھا؟ ان چیزوں کو کون صیقل کر رہا تھا؟

ایک دفعہ کی بات ہے حضرت صاحب تشریف لائے اور کہا کہ فلاں چیز میں نے دی تھی، وہ ہے؟ مہمان آگئے ہیں۔ امی نے کہا نہیں، وہ تو ختم ہو گئی۔ حضور نے فرمایا کچھ لاؤ، مہمان آئے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا اس وقت تو کچھ بھی نہیں۔ اس پر آپ نے فرمایا کہ آئندہ ایک بات یاد رکھنا کہ جن گھروں میں اچانک آنا جانا ہو وہاں مہمان نوازی کا تقاضا یہ ہے کہ ہمیشہ کچھ پس انداز کر کے رکھا جائے اچانک وقت کے لیے، چاہے دال روٹی ہو، چاہے چنے ہوں، لیکن ایسا وقت اس گھر پہ نہیں آنا چاہیئے کہ کچھ بھی نہ ہو۔ ورنہ پھر انسان مہمان نوازی کے تقاضے پورے نہیں کر سکتا۔

چونکہ یہ تربیت کا رنگ تھا اس لیے اللہ تعالیٰ نے حضرت مصلح موعود کے سارے بچوں میں، ہماری بہنوں میں بھی، بھائیوں میں بھی انکی توفیق کے مطابق مہمان نوازی کا جذبہ پیدا کیا۔ اور یہ دیکھ کر خوشی ہوتی ہے کہ ہر ایک میں یہ مادہ موجود ہے اب اس مادے کا ٹکراؤ بعض دفعہ اقتصادی حالات سے ہو جاتا ہے۔

جب ہم کالج میں تھے تو اتنا سا وظیفہ ملتا تھا کہ یا مہمان نوازی کریں یا کپڑے پہنیں۔ دو چیزیں اکٹھی تو نہیں چل سکتی تھیں۔ چنانچہ عادۃً، فطرۃً تربیت کا اثر تھا کہ جو ہمارے کالج میں آنے جانے والے دوست تھے ان کے ساتھ مہمان نوازی کا ایک نظام چل رہا تھا۔ اس لیے اکثر میرا پیسہ ٹک شاپ چلا جاتا تھا اور پہننے کے لیے بعض دفعہ کپڑے نہیں ہوتے تھے۔ شلواریں سیتے تھے تو آہستہ آہستہ وہ دھل دھل کر پتہ بن جاتی تھیں اور سیون سے پھٹنے لگتی تھیں۔ اس وجہ سے میں نے کالج کی کئی کلاسیں S/S کیں۔ اب میں نے بعد میں سوچا تو میں ناکام ہو گیا۔ بچپن میں ایک موقع پر کامیاب ہوا۔ جوانی میں ترقی کرنی چاہیئے تھی مگر میں ناکام ہو گیا۔ میری تعلیم کی راہ میں لباس کو حائل نہیں ہونا چاہیئے تھا۔

یہ احساس۔ احساس کمتری جو ہے یہ حکمت کا احساس نہیں ہے کہ ایک بچہ یا بڑا جو بھی ہو، وہ لباس کی وجہ سے اعلیٰ مقصد کے حصول میں ناکام رہ جائے۔ بے نیاز ہونا چاہیئے ایسی بلند نگاہیں ہونی چاہئیں کہ بالکل پرواہ ہی نہ ہو۔ وہ نگاہیں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو عطا ہوئیں جن کی خاطر کائنات پیدا کی گئی۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ بسا اوقات خود بیٹھ کر سوئی دھاگے سے کپڑے سی رہے ہوتے تھے اور بعض دفعہ پیوند پر پیوند لگ رہے ہوتے تھے اور پھر پیوند پر پیوند کے اوپر بھی پیوند لگ رہا ہوتا تھا۔ عظیم اور

حیرت انگیز

رسول تھا۔ ان چیزوں سے بالا تھا اور بے نیاز تھا۔ اچھے کپڑے آئے وہ بھی پہنے۔ جھوٹا فقر نہیں تھا۔ نہ جھوٹا فخر تھا، نہ جھوٹا فقر تھا۔ دونوں سے بے نیاز رسول۔ باہر سے اچھے کپڑے آئے بڑے خوبصورت بجبے آئے یہ نہیں سوچا کہ میں پہنوں گا تو لوگ کہیں گے اوہو! یہ تو دنیا کی چیزیں پہن رہا ہے۔ جانتے تھے کہ اللہ نے یہ زینتیں مومنوں کے لیے پیدا کی ہیں۔ صرف تقویٰ ساتھ رہنا چاہیئے۔

اگر

تقویٰ کا لباس

دنیاوی لباس کے ساتھ ہم آہنگ ہو جائے تو پھر وہ الٰہی رنگ پکڑتا ہے ورنہ نہیں پکڑتا۔ ادنیٰ لباس بھی تکبر کا موجب بن جاتا ہے اگر اس خوف سے پہنے کہ اگر میں نے اعلیٰ پہنا تو لوگ کیا کہیں گے کہ اچھا! یہ دنیا دار ہے۔ چیتھڑے پہنے ہوئے لوگ ذلیل ہو جاتے ہیں۔ حقیقت میں انسان کو ہلاکت کی طرف لے جاتے ہیں۔ اگر یہ جذبہ پیدا ہو جائے کہ میں چیتھڑوں میں بڑا بزرگ لگوں گا، میں کم کھاؤں گا تو بڑا اچھا لگوں گا، لوگ کہیں گے یہ بڑا صوفی ہے، یہ بڑا نیک ہے تو اس کو تو چیتھڑوں نے ہلاک کر دیا۔ اور اگر کوئی اچھا لباس پہن کر فخر سے دنیا میں پھر رہا ہے فقر کے مقابل پر، تو وہ اس آزمائش میں مبتلا ہو گیا اور جو اپنے غریب بھائیوں پر صرف اس لیے تکبر کی نگاہ ڈال رہا ہے کہ ان کے پاس تھوڑا لباس ہے یعنی چھوٹے درجے کا لباس ہے، میرے پاس اچھے درجے کا لباس ہے وہ بھی مارا گیا۔ تو لباس التقویٰ رنگ بدلتا رہتا ہے۔ کہیں یہ آپ کے پاس غربت میں آزمائش کے لئے آجاتا ہے، کہیں امارت میں آزمائش کیلئے آجاتا ہے۔ اور ہر رنگ میں مومن کے لیے امتحان ہی امتحان ہے۔

اس مضمون پر غور کرتے ہوئے اب میں ایک اور طرف آپ کو لے جاتا ہوں۔ وہ بھی اپنی یاد کے ساتھ وابستہ قصہ ہے۔ اسی کے حوالے سے میں چند باتیں آپ سے عرض کرتا چلا جاؤں گا۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جب میں انگلستان گیا تو وہاں میں نے انگریزی لباس پہنا۔ ہمارا پاکستانی عام سادہ لباس جو تھا وہ تو وہاں میرے نزدیک چل ہی نہیں سکتا تھا۔ اس کا سنبھالنا بڑی مصیبت ہے۔ اب کون شلوار کو کلف دے اور استری کرے۔ اور پھر بڑا مہنگا پڑتا تھا۔ مجھے اس میں (یعنی انگریزی لباس پہننے میں) کوئی باک نہیں تھی۔ میں سمجھتا تھا اگر اس کو (انگریزی لباس کو) پہننے کی وجہ سے لوگ مجھے گنہگار سمجھتے ہیں تو سمجھتے رہیں کیا فرق پڑتا ہے۔ میں نے وہ لباس پہنا۔ جب واپس آنے لگا تو کسی نے کان میں یہ بات پھونکی کہ اب تم پاکستان جا رہے ہو، ربوہ پہنچو گے وہاں استقبال ہو گا اور یہ ہو گا، وہ ہو گا، اب تم شلوار، قمیص اور اچکن پہن لو۔ میں نے کہا اب تو میں نہیں پہنوں گا۔ اگر یہ لباس (انگریزی لباس) میرے لیے گنہگاری کا لباس تھا تو پھر اس گنہگاری کا سب کو علم ہونا چاہیئے۔ یہ تو عجیب بات ہے کہ بارڈر بدلنے سے لباس بدل جائیں۔ یہاں برقعہ پہنا ہوا اور جب عورت یورپ کے سفر پر جائے تو برقعہ یہاں چھوڑ جائے کہ یہ بارڈر کراس (CROSS) نہیں کر سکتا۔ یا اچکن وہاں بارڈر کراس نہ کر سکے اور پتلون وہاں سے ادھر بارڈر کراس نہ کر سکے یہ تو تمسخر ہو گیا، دین تو نہ ہوا۔ اور آگے جا کر مجھے اس بات کا بہت لطف آیا۔ جب میں ربوہ سٹیشن پر پہنچا تو خدام الاحمدیہ نے بڑا استقبال کیا ہوا تھا کیونکہ میں کافی دیر وہاں قائد رہا ہوں۔ اور میں نے دیکھا نظریں بدل رہی ہیں۔ بعض لوگوں کو بڑا دھکا لگا۔ انہوں نے کہا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ بھیجا گیا تھا اور واپس کیا بن کے آیا ہے۔ مارے گئے ہم۔ بعض پچھتاتے ہوئے واپس

چلے گئے کہ استقبال کی خواہ مخواہ ہم نے تکلیف کی۔ یہ تو چیز ہی اور بن گیا ہے۔ اچھا بھلا شلوار قمیص، وہ بھی پھٹی ہوئی، پہن کے پھرا کرتا تھا اور اب پتلون ڈانٹی ہوئی ہے، کوٹ پہنا ہوا اور ٹائی لگائی ہوئی ہے تو چہرے بڑے مایوس ہوئے اور

مجھے بڑا لطف آیا۔

میں نے کہا الحمد للہ، خدا تعالیٰ نے مجھے ایک جھوٹی عزت سے بچا لیا جس کی مجھے کوئی تمنا، کوئی خواہش نہیں۔ اس کا احسان ہے اگر مبتلا کر دیتا تو میں مارا بھی جاتا۔

اسی طرح ایک دفعہ سندھ کے دورے میں ہوا۔ حضور نے مجھے انگلستان سے آتے ہی وقفِ جدید میں لگا دیا۔ جب سندھ کے دورے پر گیا تو دنیوی لحاظ سے ایک بڑی بیک ورڈ (BACKWARD) جماعت میں بھی جانے کا اتفاق ہوا۔ جس پر کچھ مولویت کا اثر بھی تھا۔ ویسے تو میں عام لباس بھی پہننے لگ گیا تھا جو مرضی پہنتا تھا۔ میں نے اس میں کبھی فرق نہیں کیا۔ کیونکہ میرے نزدیک پتلون ہو، کوٹ ہو، کسی نے فرغل پہنا ہو، یا انڈونیشیا کی دھوتی پہنی ہو، یہ ساری بے معنی باتیں ہیں۔ بامعنی بات صرف ایک ہے کہ ہر لباس کے ساتھ تقویٰ رہنا چاہیے چنانچہ وہاں میں نے جان بوجھ کر، عمداً ان کو ذرا چھیڑنے کے لیے اپنا بہترین سوٹ نکالا اور ٹائی پہنی اور ان کے پاس پہنچا۔ تو مجھے آج تک وہ SHOCK یاد ہے، وہ دھکے جو ان کی نظروں کو لگے۔ بعض تو استغفار کرتے ہوئے وہاں سے واپس چلے گئے کہ یہ واقعہ کیا ہو گیا ہے۔ پھر رفتہ رفتہ مختلف رنگ میں سمجھایا گیا۔ آہستہ آہستہ عادتیں پڑیں۔ کچھ حوصلے وسیع ہوئے۔

لیکن اس کا نتیجہ کیا نکلتا ہے؟ نتیجہ یہ نہیں نکلتا کہ آپ مجھ پر رحم کریں کہ اوہو ایں بچپن میں تو اس طرح رہا کرتا تھا، اب مجھے کپڑوں کے تحفے دیں۔ یہ نتیجہ بالکل نہیں نکلتا۔ اگر کوئی یہ نتیجہ نکالتا ہے تو بڑی بیوقوفی کرتا ہے۔ کوئی تحفہ نہیں آنا چاہیے۔ زیادہ سے زیادہ یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جب آپ مسجدوں میں جائیں اور اپنے غریب بھائیوں کو دیکھیں، ظاہری لباس سے بھی عاری جوان کیلئے کافی نہ ہو تو ان کی ہمدردی کریں۔ ان کو لباس پہنائیں کیونکہ ہر لباس کے بدلے آپ کو تقویٰ کا لباس مل رہا ہو گا، آپ کو اللہ کی محبت کا لباس مل رہا ہو گا۔ وہ لباس ایک ایسا لباس ہے جو مادی لباس سے مستغنی بھی ہے اور کبھی کبھی اس کے ساتھ تعلق بھی جوڑ لیا کرتا ہے۔ خدا کی رضا کی خاطر اپنے غریب بھائیوں کی خدمت کریں۔ عیدوں پر انکو اچھے کپڑے پہنائیں۔ ان کیلئے سردیوں کے کپڑوں کا انتظام کریں۔ یہ نتیجہ نکلتا ہے۔

دوسرے یہ بھی نتیجہ نہیں نکلتا کہ جو شخص بظاہر لباس سے مستغنی ہے وہی نیک ہے۔ یہ بھی بالکل جھوٹ ہے۔ کیونکہ تقویٰ کا لباس ظاہری نہیں، وہ اندر گھسا ہوا ہے۔ یہ عجیب و غریب بات ہے۔ تقویٰ کا چونکہ روح سے تعلق ہے اس لیے لباس نام ہونے کے باوجود یہ نظر نہیں آتا۔ یہ روح کے گرد لپٹی ہوئی کوئی چیز ہے جو باطن میں ہے۔ اس لیے اگر آپ نے ظاہری لباس پر بنا کی تو یہاں بھی آپ دھوکہ کھا جائیں گے۔ ہزار دفعہ صوفی منش بزرگ نظر آنیوالے لوگ، خدا کی نظر میں ہو سکتا ہے متقی نہ ہوں۔ ہزار دفعہ ایسا بھی ہو گا کہ بظاہر لباس بڑے فاخرانہ ہیں، دنیا داری کے نظر آتے ہیں اچھے اور قیمتی کپڑے پہنے ہوئے ہیں اور فی الحقیقت ان کے اندر تقویٰ بھی موجود ہے۔

ایسا ہی واقعہ

حضرت سید عبد القادر جیلانی

کے ساتھ ہوا اتنا بڑا مقام ہے آپ کی ولایت کا، اتنا عظیم الشان مقام کہ حضرت اقدس ..... نے اس کی تصدیق فرمائی اور بڑی محبت کا اظہار فرمایا۔ ان کے متعلق آتا ہے کہ بڑا فاخرانہ لباس پہنا کرتے تھے یعنی دنیا جس کو فاخرانہ سمجھتی تھی۔ بڑے قیمتی قیمتی جوڑے بہت اعلیٰ قسم کے سجے ہوئے جن پر ہاتھ کی سب زینتیں لگائی ہوئی ہوتی تھیں، وہ آپ استعمال کرتے تھے۔ تو کسی مرید نے اپنی لاعلمی میں سوال کر دیا کہ حضرت! آپ اتنے بزرگ ہو کے لباس کیوں اچھا پہنتے ہیں؟ انہوں نے کہا اچھا کیا تم نے پوچھ لیا، بدظنی نہیں کی۔ خدا کی قسم! میں کوئی جوڑا نہیں پہنتا جبتک میرا خدا مجھے نہیں کہتا کہ عبد القادر! اٹھ اور یہ کپڑے پہن۔ میں ان کپڑوں سے بے نیاز ہوں میرے مولا کی ایک یہ بھی نظر ہے۔ دنیا کو سبق دینے کی کہ

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۭ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ (الاعراف آیت: ۳۳)

ایک یہ بھی سبق ہے۔ کون ہے جس نے خدا کے بندوں پر زینتوں کو حرام کر دیا؟ کہدے یہ تو مومنوں کے لیے پیدا کی گئی ہیں اس دنیا میں اور آخرت میں خاص ان کے لیے ہو جائیں گی۔ دنیا میں اور بھی شریک ہیں۔

پس جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی ایک شان تھی کہ کبھی نہایت ہی پیارا قیمتی لباس آپؐ نے پہنا جب باہر سے تحفے آئے اور سادہ کپڑوں میں بھی چلے پھرے۔ نہ اس پر شرمندگی کا احساس ہوا، نہ اس پر فخر کا۔ بالا ہو گئے مستغنی ہو گئے۔

پس تقویٰ کا ایک سبق ہمیں یہ ملا کہ انسان حسب ضرورت اچھا بھی پہن سکتا ہے، برا بھی پہن سکتا ہے۔ اس کے نتیجے میں ہم اگر یہ فیصلے کریں گے کہ فلاں متقی ہے اور فلاں غیر متقی تو بالکل جھوٹ بول رہے ہوں گے۔ احمقانہ بات ہو گی۔ وہاں دخل دیں گے جہاں دخل دینے کا ہمارا کام کوئی نہیں۔ ہمارا تعلق ہی کوئی نہیں، ہمیں علم ہی کوئی نہیں۔ تو لباسوں سے کیوں فیصلہ کرتے ہیں۔

یہ وہی مضمون ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے یہ کہہ کر توجہ دلائی کہ۔

فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى (النجم آیت: ۳۳)

کہ ہم بار بار تقویٰ تو کہتے رہتے ہیں تم کہیں اس دھوکے میں مبتلا نہ ہو جانا کہ ہم فیصلہ تم سے لیں گے کہ کون متقی بندہ ہے اور کون غیر متقی؟ یہ صرف اللہ ہی جانتا ہے۔ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى وہی بہتر جانتا ہے کہ تم میں سے متقی کون ہے؟ کیونکہ تقویٰ کا لباس آنکھ سے نظر نہیں آسکتا۔ وہ ایک روحانی مسئلہ ہے جس کو صرف خدا کی آنکھ دیکھتی ہے۔

پس اس پہلو سے ہمیں یہ بھی سبق ملا کہ لباس کو دیکھکر ہم فیصلوں میں جلدی نہ کیا کریں۔ محض لباس کو دیکھکر اگر فیصلے کریں گے تو بسا اوقات ٹھوکر کھائیں گے اور بعض دفعہ ٹھوکر نہیں بھی کھائیں گے تو گناہ میں مبتلا ہو جائیں گے کیونکہ خدا نے ہمیں اس کام کے لیے مقرر نہیں فرمایا۔

لباس اور تقویٰ

کا ایک اور بھی تعلق ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے اسوہ حسنہ سے ہی یہ سبق ملتا ہے کہ لباس انسان کا غلام بنا رہتا ہے اور بحیثیت غلام

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Digitized by Khilafat Library Rabwah

استعمال ہونا چاہیئے، انسان کا آقا نہیں بننا چاہیئے۔ اور یہ جو مسلک تھا آنحضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کا، یہ بھی قرآن پر مبنی ہے۔ قرآن کریم کہتا ہے۔

سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ (الجاثیہ آیت: ۱۴)

جو کچھ بھی زمین و آسمان میں ہے ہم نے تمہارا غلام بنایا ہے، تمہارا نوکر بنا کے رکھا ہوا ہے۔ اگر تم اسکی عبادت کرنے لگ جاؤ یا اسکو اپنے اوپر حاوی کر لو تو یہ شرک ہے، شرک ہے اپنے نوکر کی عبادت کرو گے؟ اپنے نوکر کے غلام بن جاؤ گے؟ کتنی حماقت ہے کتنی بیوقوفی ہے۔ کھائے کا سودا ہے سارے کا سارا۔ اس کی عبادت کرو، اس کے غلام بنو جس نے تمہارے لیے ان چیزوں کو بطور غلام، بطور نوکر اور چاکر کے مسخر کیا ہوا ہے۔ تو ہمیشہ جب کوئی انسان ایسا لباس پہنے جس کو دیکھ کر یوں محسوس ہو کہ وہ لباس کے ساتھ لٹکا ہوا ہے تو وہاں طبیعت میں ایک انقباض پیدا ہو جاتا ہے، طبیعت مکدّر ہو جاتی ہے اور رحم آتا ہے۔ کیونکہ آدمی یہ فیصلہ تو نہیں دے سکتا کہ یہ غیر متقی ہے کیونکہ اس کا یہ مقام ہی نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے کچھ اور بات ہو۔ لیکن وہ شخص خود ضرور جان سکتا ہے جس کی یہ کیفیت ہے۔

اس لیے میں آپ کو یہ نہیں کہہ رہا کہ آپ دوسروں کے لباس دیکھ کر یہ فیصلہ کیا کریں کہ وہ لباس کا آقا ہے یا لباس اس کا آقا ہے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اپنے لباس کے بارے میں ہمیشہ یہ فیصلہ کیا کریں اور اپنے نفسیاتی پس منظر کا بڑی باریک نظر سے مطالعہ کیا کریں کہ آیا آپ لباس کے غلام بن رہے ہیں یا لباس آپ کا غلام بن رہا ہے؟ آپ وہ ہینگر ہیں جس کے اوپر ماڈل کے طور پر لباس لٹکائے جاتے ہیں یا وہ انسان ہیں جن کی زینت کی خاطر لباس بنائے جاتے ہیں؟ اگر آپ اپنا یہ زاویۂ نگاہ درست کر لیں تو آپ کا ظاہری لباس بھی متقیانہ ہو جائیگا، وہ بھی صحیح ہو جائیگا۔

ان سب باتوں کو ملحوظ رکھنے کے بعد پھر اگلا قدم آتا ہے یعنی تقویٰ کے لباس کی حقیقت کیا ہے؟ تقویٰ کا لباس انسان کی ہر خامی کو ڈھانپ لیتا ہے اور تقویٰ کے مطابق ہی انسان کو زینت ملتی ہے۔ تقویٰ کا لباس نہ ہو تو جہاں جہاں یہ لباس نہیں ہوگا وہاں وہاں سے بدن ننگا ہو جائے گا۔ وہ روحانی لحاظ سے دھوپ کا بھی شکار ہوگا اور سردی کا بھی شکار ہوگا۔ اور خدا اور خدا والوں کی نظر میں وہ چیتھڑوں میں ملبوس شخص جیسا ہوگا۔ جتنا یہ لباس کامل ہوتا چلا جائے روحانی بدن ڈھکتا چلا جاتا ہے اور زینت عطا ہوتی چلی جاتی ہے۔ چنانچہ قرآن کریم نے فرمایا۔

خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ (الاعراف، آیت ۳۲)

کہ دیکھو! جب مسجدوں میں جاؤ تو اپنی زینت ساتھ لے کر جایا کرو

زینت سے کیا مراد ہے؟

دنیا کی زینت مراد نہیں وہ ثانوی معنی ہیں۔ مراد یہ ہے کہ تقویٰ کا لباس پہن کر جایا کرو۔ محض اللہ مسجد کی طرف سفر کیا کرو۔ ہر قدم پر دعائیں کرتے ہوئے جاؤ۔ توفیق مانگتے ہوئے جاؤ کہ خدا تعالیٰ مسجد سے تمہیں نیکی عطا کرے، ریاکاری سے بچائے، عبادت کے حق ادا کرنے کی توفیق بخشے۔

اب چونکہ ساری دنیا سے احمدی سپین کی مسجد کے افتتاح پر پہنچیں گے اس لئے مجھے خیال آیا کہ ساری دنیا کے احمدیوں کو بتانے کی ضرورت ہے، یاد دہانی کی ضرورت ہے کہ لوگ وہاں ظاہری طور پر تو مختلف بھیسوں میں آئیں گے، بھانت بھانت کی بولیاں بولنے والے، بھانت بھانت کے لباس میں ملبوس۔ کوئی انڈونیشیا سے آرہا ہوگا، کوئی امریکہ سے آرہا ہوگا، کوئی پاکستان سے آرہا ہوگا۔ کسی نے پگڑی پہنی ہوگی، کسی نے ٹوپی، کسی نے ہیٹ۔ اور جب وہاں اکٹھے ہوں گے تو آپ کو اس وقت محسوس ہوگا کہ لباس میں فخر کا کوئی سوال ہی نہیں۔ مختلف قوموں کے فطری تقاضے ہیں۔ نہ وہاں پگڑی فخر کا موجب رہے گی، نہ ٹوپی ذلت کا موجب، نہ ہیٹ کسی قسم کی فضیلت کا موجب رہے گا نہ ننگے سر ہونا ہی کوئی معیوب بات نظر آئیگی کوئی افریقن لباس پہن کر آئے گا، کوئی امریکن، کوئی انڈونیشین، کوئی جاپانی، ایک چیز ہے جو قدر مشترک ہے۔ جس نے احمدی کو ایک رنگ دینا ہے وہ لباس التقویٰ ہے۔

اس لئے اپنی یونیفارم ساتھ لے کر جانا نہ بھولیں۔ کیونکہ یونیفارم کے بغیر قومیں حسین منظر پیش نہیں کیا کرتیں۔ یونیفارم اجتماعی زندگی کا لازمی حصہ ہے۔ اور خدا تعالیٰ نے آپکو ایک ایسی یونیفارم عطا فرمادی جو ہر ظاہری یونیفارم سے آزاد ہو چکی ہے اور وہ تقویٰ کا لباس ہے۔ احمدی اپنے تقویٰ سے پہچانا جائے۔ کسی رنگ میں ملبوس ہو، کوئی زبان بول رہا ہو۔ دیکھنے والی نگاہیں جان جائیں، معلوم کر لیں کہ یہ متقی لوگ پھر رہے ہیں۔ یہ ہم سے مختلف قوم ہیں یہ خدا کے بندے ہیں، خدا کی طرف سے آئے ہیں، خدا کی خاطر آئے ہیں اور خدا کی طرف بلانے آئے ہیں۔

یہ وہ اہم بات تھی جس کی طرف میں توجہ دلانا چاہتا تھا۔ سوچا تو آہستہ آہستہ مضمون پھیلتے پھیلتے کہیں سے کہیں نکل گیا۔ میں نے کہا چلیں اپنی سوچ میں آپکو بھی شامل کر لوں کہ جو سیر میں نے کی ہے آپ کو بھی اس میں ہم سفر بنا لوں کیونکہ سپین کا سفر بھی ہم میں سے بہت سے اکٹھے کریں گے تو ان باتوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے لباس التقویٰ کو پیچھے نہ چھوڑ جائیں۔

دوسری بات میں ان لوگوں کے متعلق کہنی چاہتا ہوں جو پیچھے رہ جائیں گے ان میں سے بعض بڑا دکھ محسوس کر رہے ہیں۔ مجھے بڑے دردناک خط آرہے ہیں، تڑپ رہے ہیں کہ کاش! ہم بھی وہاں جا سکتے۔ دعاؤں کے لئے لکھ رہے ہیں۔ ان سب سے میں کہتا ہوں کہ آپ زمان و مکان سے بالا ہو چکے ہیں جس کا تعلق رب سے جڑ جائے جو زمان و مکان سے بالا ہے، اس کے بندے بھی بسا اوقات زمان و مکان سے بالا ہو جایا کرتے ہیں۔ یہ وہ مقام ہے کہ اگر آپ تقویٰ کا لباس یہاں پہن لیں تو ہو سکتا ہے کہ آپ کا جسم شریک نہ ہو آپ کی روح وہاں مسجد میں شریک ہو رہی ہو خدا کے نزدیک۔

اور تاریخ اسلام میں ایسے واقعات ہو چکے ہیں۔ ایسے ایسے عظیم الشان واقعات ہیں کہ انسان کی عقل دنگ رہ جاتی ہے اور اس بات کے سب سے زیادہ گواہ آپ ہیں جو اس وقت یہاں احمدی بیٹھے ہوئے ہیں اور وہ بھی جو یہاں موجود نہیں۔

قرآن کریم گواہی دیتا ہے

کہ آپ اس بات کے گواہ ہیں۔ قرآن کریم فرماتا ہے۔ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ (الجمعہ ۶۲۔ آیت ۴) کہ ایسے لوگ آنے والے ہیں جو زمانی لحاظ سے بھی نہیں ملے اور مکانی لحاظ سے بھی نہیں ملے۔ مگر خدا گواہی دیتا ہے کہ محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کے صحابہؓ میں ان کا شمار ہوگا۔ اب بتائیے! سپین تو پھر بھی گر پڑ کے پہنچ جائیں گے مگر کیا کوئی چودہ سو سال واپس بھی جا سکتا ہے؟ اس مکہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

میں جاسکتا ہے جہاں حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم پھرا کرتے تھے اور اپنے رب کی خاطر دکھ اٹھایا کرتے تھے؟ اس مکہ میں جاسکتا ہے جہاں حضرت بلالؓ گھسیٹے جاتے تھے گلیوں میں پتھریلی زمین پر، کوئی نہیں جاسکتا۔ اس مدینہ کی سیر نہیں ہوسکتی جو وہ مدینہ تھا ظاہری طور پر۔ اینٹ پتھر کے ان شہروں کی سیر تو ہوسکتی ہے مگر قرآن کریم فرماتا ہے کہ وہی خدا ہے جو دوبارہ ایسے واقعات پیدا فرمادے گا کہ آنے والی نسلیں جن کا زمانی لحاظ سے بھی بُعد ہوگا اور مکانی لحاظ سے بھی بُعد ہوگا اور قومی لحاظ سے بھی بُعد ہوگا اور نسلی لحاظ سے بھی بُعد ہوگا لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ جب خدا کہتا ہے تو ہر چیز کٹ گئی۔ لیکن ان کی ایک چیز نہیں کٹی اور وہ ہے ان کی رُوح کے جذباتِ عشق جو ان کو محمد مصطفےٰؐ سے ہیں وہ جذبات انکو ایسے پر عطا کریں گے جن کے طفیل وہ محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کے قدموں میں حاضر ہوجائینگے اور خدا آج گواہی دے رہا ہے کہ ایسی قوم آنے والی ہے۔ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ ابھی تک تو نہیں آئے لیکن مل جائیں گے۔ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کے غلاموں کے ساتھ۔

پس وہ خدا جو زمان و مکان سے بالا ہے جب انسان اس کی تقدیر پر راضی ہوجاتا ہے۔ جب اس کی رضا کے سامنے سرِ تسلیم خم کردیتا ہے تو اس کو بھی زمان و مکان سے بالا کیفیت عطا فرماتا ہے۔ دور بیٹھے اس کے حج ہوجاتے ہیں۔ بغیر ملے صحابی بن جایا کرتا ہے۔ اگر اس کو حضور اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوکر سلام کرنے کی توفیق نہیں ملی تو ایسا بھی ہوتا ہے کہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کا سلام اس تک پہنچ رہا ہوتا ہے۔ یہ ہے لِبَاسُ التَّقْوٰی کا نتیجہ۔ اس لباس سے عظیم الشان نتائج عطا ہوتے ہیں۔

پس پیچھے رہنے والوں کو غم کیا ہے۔ ان کے درد کی وجہ سے دعا کی تو توفیق ملتی ہے لیکن تعجب بھی ہوتا ہے کہ وہ رو کس بات پر رہے ہیں۔ کیا پتہ ہے ایسے جانے والے ہوں جن کو وہاں کی لذتیں اور سیریں زخمی بھی کردیں۔ ان کے جانے کی نیتیں اور ہوں اور فائدہ اٹھانے کی بجائے نقصان اٹھا کر واپس آرہے ہوں ایسا بھی تو ہوسکتا ہے۔

ابتلاء بھی تو وہاں بڑے ہیں

نیتوں میں یہ بات شامل ہو کہ سپین کی مسجد تو ہے سیر بھی خوب ہوگی۔ اگر مسجد کی سیر کا مقصد بالا ہے تو یہ چیزیں تو مل ہی جاتی ہیں، ان سے انکار نہیں ہے سیر بھی ہوتی ہے مومن کی۔ لیکن مقصدِ اوّل کیا ہے جو زندگی پر حاوی ہے بعض دفعہ انسان کو پتہ نہیں چلتا اور ٹھوکر جاتا ہے۔ اس میں دوسرے جذبات کو خلط ملط کردیتا ہے اور سارے کا سارا رجحان تباہ ہوجاتا ہے۔ وہ رُخ صحیح نہیں رہتا جس کے تابع انسان قبلے کو پہنچا کرتا ہے۔ تو ان جانے والوں کے سامنے بھی تو بڑے بڑے ابتلاء ہیں۔ آپ کے سامنے وہ ابتلاء تو نہیں۔ آپ کے دل میں ایک درد ہے اور درد کی دعائیں ہیں۔ اگر خدا ان کو قبول کرلے تو آپ بھی شامل ہوجائیں گے۔

تذکرۃ الاولیاء میں مذکور، وہ واقعہ آپ نے بارہا سنا ہے جسے حضرت مصلح موعودؓ نے بھی بارہا بیان فرمایا وہ اسی مضمون کی تشریح کرتا ہے۔ کہتے ہیں ایک دفعہ ایک ولی جو بہت بڑے بزرگ تھے ان کو حج کی توفیق ملی۔ رویا میں دیکھا کہ فرشتے باتیں کررہے ہیں کہ اس دفعہ کسی آنے والے کا تو حج ہوا نہیں ہاں فلاں شخص کا ہوا ہے جو نہیں آیا اور اس کے طفیل خدا تعالےٰ نے بعض آنے والوں کے حج بھی قبول کرلئے۔ جب انہوں نے یہ حیرت انگیز واقعہ سنا تو انہوں نے فرشتے سے پوچھا کہ تم کیا قصہ بیان کررہے ہو؟ انہوں نے کہا حج قبول ہوا ہے، لیکن تمہاری وجہ سے نہیں۔ خدا کی نظر میں ایک ایسا حاجی ہے جو حج پر تو نہیں آیا لیکن اس کا حج خدا تعالےٰ کو اتنا پیارا لگتا ہے کہ اس کے صدقے اس نے بہت سے دوسرے حاجیوں کے بھی حج قبول کئے۔ مگر یہ ان کا ذاتی فیض نہیں ہے۔ انہوں نے فرشتے سے پوچھا وہ کون شخص ہے؟ اس نے کہا ہم تمہیں پتہ بتا دیتے ہیں خود ہی جاکر اس سے پوچھ لو۔ چنانچہ رویا میں ہی اس شخص کا پتہ بتایا گیا جو دمشق کا رہنے والا ایک موچی تھا۔ انہیں یہ پتہ یاد رہا۔ چنانچہ وہ اس شہر گئے۔ محلہ کی تلاش کی اور اس کے گھر کا دروازہ کھٹکھٹایا اور اس کی زیارت سے اپنی آنکھیں سیر کیں اور عرض کیا کہ اے خدا کے بندے! تجھ میں وہ کیا بات ہے جو خدا کو اتنی پسند آئی کہ تیرا حج قبول ہوگیا؟ اس کی حالت زار ہوگئی کہ میں تو جا نہیں سکا میرا حج کیسے قبول ہوگیا؟ انہوں نے کہا مجھے خدا نے بتایا ہے اور تیرا پتہ بھی خدا نے بتایا ہے۔ مجھے یہ بات بتا جو مجھے نہیں بتائی گئی کہ یہ کیا واقعہ ہے؟ اس نے کہا مجھے تو صرف اتنا پتہ ہے کہ بڑا لمبا عرصہ میں نے بچوں کے پیٹ کاٹے، خود غربت میں گزارا کیا اور حج کے شوق میں پیسے جمع کئے اور اس کی وجہ سے بعض دفعہ گھر میں ہفتوں گوشت نہیں پکتا تھا اور ہم اسی طرح گزارا کرتے تھے تاکہ میرا حج کا شوق پورا ہوجائے ایک دن ہمسائے سے گوشت کی خوشبو آئی۔ گوشت پکنے کی بڑی اچھی مہک اٹھی (اور بھوکے کو تو یہ خوشبو اور بھی اچھی لگتی ہے) میری بیوی نے کہا کہ دیکھو! یہ تو ٹھیک ہے کہ مانگنا بُرا ہے لیکن ہمسائیگی کا بھی تو حق ہے نا جو اللہ تعالےٰ نے قائم فرمایا ہے۔ تم دروازہ کھٹکھٹاؤ اور ان کو کہو کہ میرے بچے بھی ایسے ہیں جو بھوکے ہیں تم ان کے لئے تھوڑا سا گوشت دے دو اس لطف میں ہم بھی شریک ہوں گے اور خدا تمہیں جزا دے گا۔ ہمسایہ باہر نکلا اور جب اس سے یہ کہا گیا تو اس نے بڑی لجاجت سے کہا کہ آپ مجھ سے یہ کام نہ کروائیں۔ کچھ نہ پوچھیں۔ یہ سمجھے کہ شائد جان بوجھ کر AVOID کرتا ہے۔ اس بات کو ٹالنا چاہتا ہے اور گوشت نہیں دینا چاہتا۔ اس نے پھر کہا بھائی اب میں مانگ بیٹھا ہوں، میری عزت رکھ لو اور مجھے کچھ دے دو۔ اس میں کیا ہرج ہے۔ اس نے کہا میرے لئے حلال ہے، تمہارے لئے حرام ہے، اس لئے نہیں دے رہا۔ اس نے کہا یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ ایک مومن کے لئے حلال ہو، ایک مومن کے لئے حرام ہو۔ اس نے کہا ہو کیوں نہیں سکتا؟ قرآن کہتا ہے ہوسکتا ہے۔ قرآن کریم میں آتا ہے کہ جب بھوک اس حالت تک پہنچ جائے کہ فاقے کررہے ہو تو اس وقت تمہارے لئے سؤر بھی حلال ہے کیونکہ

خدا کی نظر میں زندگی کو فوقیت

دی جائے گی۔ اس وقت حلال و حرام کے قصے اٹھ جاتے ہیں۔ تو مجھے اور میری بیوی بچوں کو اتنے فاقے تھے کہ وہ وقت آگیا تھا جب حلال و حرام کی قید خدا نے ہم سے اٹھالی۔ اس وقت میں باہر نکلا تو ایک مرا ہوا گدھا دیکھا۔ اس کا گوشت کاٹا جو میں نے پکایا ہے۔ اب تم کہتے ہو کہ ہم دونوں کے لئے کس طرح ایک حکم نہیں ہے؟ ہمارے لئے الگ الگ حکم ہے۔ وہ موچی کہتے ہیں میرا دل ہل گیا۔ میرے دل پر زلزلہ برپا ہوگیا۔ میں نے کہا اے خدا! میری ساری عمر کی محنتیں رائیگاں گئیں۔ جبکہ میرا ہمسایہ بھوکا مر رہا ہے۔ اس حج کا کیا فائدہ

وہ حج میرے کس کام آئے گا۔ اگر ہمارا یہ گواہ ہو جائے گا مجھ پر کہ میں انسانیت کے ادنےٰ مقام پر بھی فائز نہیں۔ اس نے جو پونجی تھی اٹھا کر اپنے ہمسائے کو دے دی اور حج کا ارادہ ترک کر دیا۔ (تذکرۃ الاولیاء صفحہ ۱۶۹)

وہ عالم الغیب خدا ہے زمانوں سے بھی آزاد ہے، مکان سے بھی آزاد ہے جس دن یہ واقعہ ہوا بیت اللہ اس شخص کے گھر پہنچ گیا۔ خدا وہاں چلا آیا کہ اے بندے! تیری روح میرا طواف کرتی ہے۔ تو دنیا کی قیدوں سے آزاد ہے میں تیرا حج قبول کرتا ہوں، میں لبیک کہتا ہوں تیری آواز پر۔ یہ واقعات بھی دنیا میں ہو جایا کرتے ہیں۔

پس

پیچھے رہنے والوں سے

میں کہتا ہوں کہ دعائیں کریں اور موجیں کریں۔ بے نیاز ہو جائیں۔ ان باتوں سے کہ وہ جا سکتے ہیں یا نہیں جا سکتے۔ تقویٰ کا لباس اوڑھ کر ہمیں اس مسجد کا طواف کریں جس مسجد کے طواف کے لئے کچھ لوگوں کو جسمانی طور پر جانے کی توفیق مل رہی ہے دعاؤں سے مدد کریں۔ اہل سپین کے لئے دعا کریں اور ان مقاصد کے اعلیٰ تر ہونے کے لئے دعائیں کریں۔

اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہو ہمیں توفیق عطا فرمائے۔ جو جا سکے ہیں ان کی نیکی بھی قبول ہو جو نہیں جا سکے ان کی بھی قبول ہو جائے۔ خدا کی راہ میں ہم یہ منظر دیکھیں کہ ؎

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا، نہ کوئی بندہ نواز

خطبہ ثانیہ کے دوران حضور نے فرمایا:۔

جیسا کہ امیر صاحب نے اعلان فرمایا تھا، جماعت کراچی کی طرف سے میرے بڑے بھائی مکرم محترم صاحبزادہ مرزا ظفر احمد صاحب نے مجھے توجہ دلائی کہ یہ ایسا موقع ہے کہ بہت سے لوگوں کو خواہش ہوگی کہ ہم بھی دستی بیعت کر لیں تو آپ جمعہ کے بعد وقت دے دیں۔ میں نے انہیں جزاکم اللہ کہا کہ آپ نے بڑی اچھی بات کی طرف ایک کی طرف توجہ دلائی۔ ان سے میں نے گزارش کی کہ وہ جا کر امیر صاحب سے بات کر لیں۔ چنانچہ اسی کے نتیجہ میں ابھی امیر صاحب نے یہ اعلان کیا ہے۔

بیعت کے وقت جیسا کہ بتایا گیا ہے صفوں میں ہی بیٹھے رہیں۔ زیادہ سے زیادہ ہاتھ رکھنے کے لئے اگر تھوڑا سا آگے سرکنا پڑے تو وہ مجبوری ہے۔ لیکن نظم و ضبط کے ساتھ، خاموشی کے ساتھ اسی طرح بیٹھے رہیں جس طرح ربوہ میں بیعت ہوئی تھی۔ ادنیٰ سی بھی بدنظمی نہیں ہوئی۔ پورے کا پورا مجمع اندر بھی اور باہر بھی، پوری خاموشی سے بیٹھا رہا اور ایک دوسرے کی پیٹھ پر ہاتھ رکھ لئے۔ جسمانی رابطہ کے اظہار کیلئے۔ ورنہ

اصل رابطہ تو قلب کا خدا سے

ہوا کرتا ہے اس میں جسمانی رابطے کی ضرورت نہیں۔ مگر یہ بھی سنت اولیاء اور سنت انبیاء ہے۔ اس لئے ہم اس سنت کو اختیار کرتے ہیں۔ یہ وضاحت میں اس لئے کر رہا ہوں کہ بچے بھی ہوتے ہیں، نئی نسل، نئے آنے والے بھی ہیں ان کو حکمت سمجھ آجائے اور ہم بدن کے واسطے پر اس لئے زور نہیں دے رہے کہ گویا بدن کے رستے سے خلوص بہتا ہے بلکہ اس لئے کہ ہمارے بزرگوں کی انبیاء علیہم السلام کی یہ سنت ہے کہ ظاہری رابطہ بھی قائم کر لیا کرتے ہیں صحابہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت (اقدس ... ناقل) جب بیعت لیا کرتے تھے تو جو نہیں پہنچ سکتے تھے وہ پگڑیاں کھول کر پھینک دیا کرتے تھے کہ پگڑی کے راستے سے تعلق قائم ہو جائے۔ تو اسی سنت کی پیروی میں ہم یوں کریں گے۔ ورنہ میرے جسم سے ذاتی رابطہ جو ظاہری ہے اس کے کوئی معنی نہیں ہیں۔ سنت ابرار ہی ہے۔ جو ان چیزوں میں معنی پیدا کرتی ہے۔ پھر ہم نماز کے بعد انشاء اللہ بیعت کریں گے اور اس کے بعد دعا ہوگی، پھر رخصت ہوگی۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بیعت لینے سے قبل حضور نے فرمایا:۔

"امیر صاحب کراچی میرے ہاتھ میں ہاتھ دیں۔ باقی دوست بھی جو قریب ہیں ہاتھ رکھ لیں۔"

بقیہ:۔ زیورک

زیورک پہنچے۔ ۲۸ اگست کو حضور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔ دفتری امور سرانجام فرمائے اور مبلغین کو ہدایات سے نوازا۔

۲۹ اگست بوقت ۱۲ بجے سے ایک بجے دوپہر غیر احمدی جو زیر تبلیغ تھے ان کو انفرادی طور پر شرف ملاقات بخشا۔ اس کے بعد مجلس سوال و جواب میں حضور نے سوالات کے جوابات دیئے اور ۵ بجے نماز عصر کے بعد اجتماعی بیعت ہوئی۔ بعد زیورک کی مجلس شوریٰ منعقد ہوئی۔ حضور ½ ۴ گھنٹے تک اس مجلس میں رونق افروز رہے۔

۳۰ اگست کو حضور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی، ۳ بجے بعد دوپہر ہوٹل نووا پارک (NOVA PARK) میں پریس کانفرنس منعقد ہوئی جس میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مختلف سوالات کے جوابات دیئے۔

۳۱ اگست زیورک کے دو سب سے بڑے اخبارات نے حضور ایدہ اللہ کی آمد پر دو بہت عمدہ نوٹ لکھے۔ اس روز ساڑھے چار بجے ہوٹل نووا پارک میں جماعت کی طرف سے حضور ایدہ اللہ کے اعزاز میں استقبالیہ دیا گیا اس میں سوئٹزرلینڈ کے مقامی احباب اور دیگر سوئس افراد کے علاوہ امریکہ مغربی جرمنی۔ آسٹریا۔ یوگوسلاویہ لکسمبرگ اور بعض دوسرے ممالک کے قونصلروں اور ہر طبقہ فکر کے افراد نے شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ استقبالیہ بہت کامیاب رہا۔ اسی ہوٹل میں رات ۸ بجے حضور ایدہ اللہ نے "انسانیت کا مستقبل" کے عنوان سے انگریزی زبان میں ایک تقریر ارشاد فرمائی جس کا براہ راست جرمن زبان میں ترجمہ کیا گیا اس کے بعد سوالات و جوابات کا سلسلہ شروع ہوا جو نہایت دلچسپ تھا اور بڑا مفید ثابت ہوا۔ یہ سلسلہ رات ساڑھے دس بجے تک جاری رہا۔

یکم ستمبر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ زیورک سے جنیوا تشریف لے گئے۔ جہاں پر پریذیڈنٹ جماعت احمدیہ جنیوا مکرم سعادت احمد پراچہ صاحب کے گھر کھانے پر جہاں پر بعض غیر از جماعت احباب بھی مدعو تھے ان کے ساتھ ۱۱ بجے رات تک مختلف سوالات اور جوابات کا سلسلہ جاری رہا۔

۲، ۳ ستمبر ۲ ستمبر کو حضور ایدہ اللہ جنیوا سے روانہ ہو کر فرانس سے گزرتے ہوئے بذریعہ کار لکسمبرگ پہنچ گئے اور رات وہاں قیام فرمایا۔ دوسرے روز ۳ ستمبر کو حضور نے جمعہ جرمنی کے شہر آخن (برگن) میں پڑھایا۔ اس میں جماعت آخن کے احباب شامل ہوئے

۴ ستمبر مورخہ ۴ ستمبر کو حضور ایدہ اللہ آخن سے صبح ۶ بجے روانہ ہو کر ساڑھے نو بجے مسجد ہیگ ہالینڈ پہنچ گئے جہاں احباب جماعت نے حضور کا استقبال کیا۔ یہاں پر اس روز ۱۱ بجے پریس کانفرنس ہوئی اور شام کو عصر کے بعد مجلس ارشاد برپا ہوئی جس میں حضور نے احباب جماعت کو بیش قیمت نصائح سے نوازا۔

بیعت فارم جلد بھجوائے جائیں

پیشتر ازیں نظارت اصلاح وارشاد کی طرف سے اخبار الفضل ۲۱ جون میں اعلان کروایا جا چکا ہے کہ تمام امراء و صدران جماعت بیعت فارم پُر کرا کے اپنی تصدیق کے ساتھ نظارت ہذا میں بھجوائیں۔۔۔ دیہاتی جماعتوں کی طرف سے بغیر امیر یا صدر جماعت کی تصدیق کے فارم موصول ہوئے ہیں جو اب انہیں بغرض تصدیق واپس کئے جا رہے ہیں مربی صاحبان جائزہ لیں کہ جن جماعتوں نے ابھی تک فارم نہیں بھجوائے انہیں تاکید کریں کہ حسب ہدایت بعد تصدیق صدر جماعت فارم جلد واپس کریں۔

(ناظر اصلاح وارشاد)

سقوطِ غرناطہ کے قریباً ۵۰۰ سال کے بعد

ہسپانیہ کی سرزمین پر تعمیر ہونے والی پہلی مسجد کے بابرکت افتتاحی تقریب پر ہم عالم اسلام و احمدیت کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتے ہیں

المحمود برشن ایرویز (انفارمیشن آفس) اقصیٰ روڈ ربوہ

فون ۴۹۳

مسجد بشارت سپین

کے بابرکت افتتاح کے موقعہ پر

"عالمِ اسلام" کو

فون گھر ۴۳۶ مبارک باد فون دفتر ۵۳۵

پیش کرتے ہیں

احمد سٹیٹس رجسٹرڈ

انس مارکیٹ ربوہ

مسجد احمدیہ بشارت سپین کے افتتاحی جشن کے موقعہ پر

ہم مسجد کی خوبصورت تصاویر والی خوبصورت جھنڈیاں

آپ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں ؛

احباب اپنے آرڈر جلد از جلد بک کروا دیں ؛

فون نمبر ۴۹۳

المحمود اقصیٰ روڈ ربوہ

سرزمین اندلس

۷۰۰ سال کے بعد

پہلی مسجد کے بابرکت افتتاح کی

تقریب پر

عالم اسلام

کو

مبارکباد پیش کرتے ہیں

طارق کارپوریشن غلہ منڈی

فون نمبر ۲۴۹۰۵ فیصل آباد

سرزمین اندلس میں سات صدیوں کے بعد پہلی مسجد کے افتتاح کے پُرمسرت اور بابرکت موقعہ پر عالم اسلام کو مبارک باد

پیش کرتے ہیں

کیور ٹیو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ پاکستان لاہور۔ کراچی

ہیڈ آفس گولبازار ربوہ فون ۶۰۶/۶۰۷

ارضِ قرطبہ پر ۷۰۰ سال کے بعد پہلی مسجد کے بابرکت افتتاح کی تقریب پر ہم دنیا بھر کے مسلمانوں کو مبارک باد پیش کرتے ہیں

ندیم کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز ریلوے روڈ بالمقابل ریلوے اسٹیشن رحمت بازار ربوہ فون ۵۲۱ فون گھر ۴۳۱

Digitized by Khilafat Library Rabwah